نیوز ریلیز

Ontario

Ministry of the
Attorney General

وزارت اٹارنی جنرل

فوری ریلیز کیلئے
نومبر 15، 2006ء

# میک گوئنٹی حکومت (MCGUINTY GOVERNMENT)انسانی حقوق کے قانون کو مضبوط بنائے گی

تجویز کردہ نئے نظام کی تفصیل میں ترامیم

ٹورانٹو --- میک گوئنٹی حکومت (MCGUINTY GOVERNMENT) بل 107، انسانی حقوق کے قواعد وضوابط میں ترمیم ایکٹ 2006ء (Human Rights Code Amendment Act, 2006)کی تشریح اور اسے مزید مضبوط بنانے کیلئے ترامیم تجویز کرے گی ، اٹارنی جنرل مائیکل برائنٹ ( Michael Bryant) نے آج اعلان کیا۔

"ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ اونٹاریو بحیثیت انسانی حقو ق کے پروموٹر کے ، تعصب کے خلاف اور غیر محفوظ کو محفوظ بنانے والا اپنا قائدانہ کردار برقرار رکھے ، "برائنٹ (Bryant)نے کہا ۔ "بل 107میں ہماری تجویز کردہ ترامیم اس بات کے جواب میں ہیں جو ہم قانون ساز کمیٹی کی سماعتوں میں جاری شدہ مشاورتوں میں ، اوراونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن (Ontario Human Rights Commission) کی چیف کمشنر باربرا ہال (Barbara Hall) سے میٹنگوں میں سن چکے ہیں ۔ مجوزہ قانون ہمارے نئے انسانی حقوق کے نظام کو پہلے سے زیادہ مضبوط، سریع اور زیادہ اثر انگیز بنائے گا۔"

بل 107میں حکومت کی کلیدی ترامیم ، انسانی حقوق قواعد وضوابط ترمیم ایکٹ ، 2006ء میں مندرجہ ذیل شامل ہیں :

- ان لوگوں کیلئے قانونی مدد کی خدمات کے ایک سلسلے کو مضبوط بنا رہے ہیں جو ہیومن رائٹس ٹریبونل آف اونٹاریو میں انصاف کے متلاشی ہیں ، بشمو ل عوامی سرمائے سے چلنے والے ایک نئے ہیومن رائٹس لیگل سپورٹ سینٹر کے
- انسانی حقو ق کے مسائل کی تفتیش کیلئے ، اور ٹریبونل کے سامنے پیش تمام معاملات میں بیچ بچاؤ کیلئےکمیشن کے اختیارات کو مضبوط بنا رہے ہیں
- اپنی ذاتی صوابدید پر عمل درآمد ، اور عوام کے فائدے کیلئے کمیشن کی خودمختاری کو بڑھا رہے ہیں ۔ اس میں اونٹاریو کے عوام کو براہ راست جوابدہی شامل ہو گی
- طریقہ کار کو صاف اور فیصلہ صادر کرنے کو شفاف بنانے کیلئے ٹریبونل کے اختیارات کی وضاحت کر رہے ہیں
- کمیشن اور ٹریبو نل کی تقرریوں کیلئے قابلیت کی بنیادوں کا معیار قائم کر رہے ہیں
- ٹریبو نل کے فیسیں مقرر کرنے اور ان کی وصولی کاطریقہ کار مقرر کرنے کی اہلیت کو ختم کررہے ہیں
- دعوی دائر کرنے کی مدت کو چھ ماہ سے ایک سال تک بڑھا رہے ہیں
- پہلے سے دائر شدہ شکایات کو موجودہ نظام کے تحت نمٹانے کیلئے تبدیلیوں کی اصلا ح کر رہے ہیں

""میں پر امید ہوں کہ یہ تبدیلیاں جن کے بارے میں ہم بحث مباحثہ کر رہے ہیں اونٹاریو میں انسانی حقوق کی حفاظت اور ترقی کیلئے ایک مضبوط نظام فراہم کریں گی ، "ہال (Hall)نے کہا۔ "بڑے نظامی مسائل کے ساتھ نمٹنے

کیلئے بل کمیشن کو مزید فعال اور حکمت عملی سے کام کرنے کا ایک تاریخی موقع عطا کرتا ہے ۔ میں بل کی ترامیم اورنئے نظام کیلئے ہموار تبدیلی کو یقینی بنانے کیلئے اٹارنی جنرل ، ٹریبو نل چیئر اور دوسرےعہدیداروں کے ساتھ قریبی طور پر مل کر کام کرنے میں پرعزم ہوں "

…/2

"یہ مجوزہ ترامیم اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ ٹریبونل کی کاروائیاں صاف وشفاف اور وقت پر ہوتی ہیں ، "مائیکل گوتھیل ( Michael Gottheil) نے کہا، جو ٹریبونل کے چیئر ہیں ۔ "اگر بل پاس ہوگیا، تو آگے بڑھنے کے ساتھ ساتھ میر ا ارادہ ٹریبو نل کے اصولوں اور طریقہ ہائے کار کے بارے میں عوامی سطح پر مشاورت کرنے کا ہے ۔ "

"انسانی حقو ق کی اصلاح کی فائل میں مزید رپورٹیں شامل نہ کرنے ، اور ٹھوس قدم اٹھانے پرہم حکومت کی تعریف کرتے ہیں ، "مشل شرائیر (Michelle Schryer)نے کہا، جو چیٹھم – کینٹ سیکشوئیل ایسالٹ کرائسس سینٹر (Chatham-Kent Sexual Assault Crisis Centre) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں ۔ "یہ مجوزہ ترامیم اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کریں گی کہ خواتین کو سماعت کیلئے وقت پر رسائی حاصل ہوتی ہے ، اور ان کے حقوق پر عمل درآمد ہوتا ہے ۔

"یہ مجوزہ تبدیلیاں صوبے کو اونٹاریو میں انسانی حقوق کے نظام کو مستعد، اثر انگیز اور قابل رسائی بنانے کو یقینی ہونے سے قریب تر لے جائیں گی ، "ریوا ڈیونز (Reva Devins)نے کہا ، جو ہیومن رائٹس کے سابقہ کمشنر ہیں ۔ ""حکومت کو یہ اہم اقدامات اٹھانے کیلئے پر اعتماد ہونا چاہیئے ۔

"ہمارے ہیومن رائٹس نظام کی بہتری آہستہ رہی ہے ، لیکن مزید تحقیق کا وقت گزر چکاہے ، "راج آنند (Raj Anand)نے کہا، جو سابقہ چیف کمشنر ہیں ۔ "مجوزہ تبدیلیوں کیلئے ، اٹارنی جنرل کئی سالوں کی تحقیق ، رپورٹیں اور سفارشات فراہم کر رہے ہیں ۔ اس معنی خیز اور اثر انگیز انسانی حقوق پر عمل درآمد کروانے پر میں میک گوئنٹی حکومت (Mcguinty government) کو تحسین آفرین پیش کرتا ہوں ۔ "

میک گوئنٹی حکومت (Mcguinty government)اونٹاریو کے انتہائی غیر محفوظ حصے کو محفوظ بنانے کی طرف دار ہے ۔ اسی لئے وہ تعصب کو بہتر طور پر روکنے ، اور شکایات کو مزید منصفانہ اور مستعدی سے حل کرنے کیلئے اونٹاریو کے انسانی حقو ق کے نظام کو جدید بنانے اور مضبوط بنا نے کی تجویز پیش کر رہی ہے ۔ دوسرے منصوبوں میں مندرجہ ذیل شامل ہیں ۔

- معذوری کے ساتھ اونٹاریو کے رہنے والے ایکٹ 2005ء (Ontarians with Disabilities Act, 2005)پاس کر رہی ہے
- نفرت پر مبنی جرائم کے شکار لوگوں کیلئے خدمات کو بہتر بنانے اور مزید لو گوں کو اس سے بچانے کیلئے سفارشات مرتب کرنے کیلئے نفرت پر مبنی جرائم کے کمیونٹی ورکنگ گروپ ترتیب دے رہی ہے
- ایسا قانون متعارف کروا رہی ہے ، جو اگر پاس ہوگیا، تو پولیس کا جائزہ لینے والانظام اور ایک نئے پولیس کی شکایات کا نظام ترتیب دینے کیلئے خود مختار شہری ادارہ بنایا جائے گا۔

-30-

رابطے :
گریگ کرون ( Greg Crone)
دفتر وزیر ( Minister's Office)
**(416) 326-1785**

برینڈن کرالے ( Brendan Crawley)
کمیونیکیشنز برانچ ( Communications Branch)
**(416) 326-2210**

www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

ٹیلیفون پر معلومات عامہ: **416-326-2220** یا **1-800-518-7901**

اس دستاویز کی عبارت سننے کیلئے، نابیناافراد اوپر دئیے ہوئے فون نمبروں پر کال کریں

ٹی ٹی وائی : **416-326-4012**

اس دستاویزکا 14زبانوں میں ترجمہ کیا جارہا ہے ۔
جلد ہی یہ تراجم www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca پر دستیاب ہوں گے ۔